سوال نمبر:12712

منجانب: محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، ایم پی اے

کیا وزیر کھیل ثقافت ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)	آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع مہمند (سابقہ فاٹا) محکمہ کھیل ثقافت ٹورازم میوزم آرکیالوجی اینڈ یوتھ آفیئر کے شعبے کے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں۔	نظامت ثقافت خیبر پختونخوا جی نہیں: محکمہ ثقافت کو حکومت کی طرف سے ثقافتی سرگرمیوں کیلئے ضلع مہمند کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے تاہم موجودہ طور پر صرف ایک منظورشدہ AIP Scheme جو کہ ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم شدہ اضلاع خیبر پختونخوا کے نام سے موجود ہے۔ ٹوارزم کارپوریشن خیبر پختونخوا جی ہاں شعبہ سیاحت میں ضلع مہمند کیلئے ترقیاتی فنڈ مختص کئے گئے ہیں جس کے منصوبے کی منظوری پی ڈی ڈبلیو پی نے 12 اکتوبر 2020 کو دی ہے نظامت ٹوارسٹ سروسز خیبر پختونخوا نظامت ٹوارسٹ سروسز کے تحت کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے۔ نظامت کھیل ضم شدہ اضلاع جی ہاں یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع مہمند (سابقہ فاٹا) محکمہ کھیل ثقافت ٹورازم میوزم آرکیالوجی اینڈ یوتھ آفیئر کے شعبے کے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں۔ نظامت اُمور نوجوانان، خیبر پختونخوا جی ہاں یہ درست ہے۔ نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر خیبر پختونخوا نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے تحت کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے۔
(ب)	اگر (ا) کا جواب اثبات میں ہو تو:- (ا) مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ (۲) مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ (۳) مذکورہ محکمے میں کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے	نظامت ثقافت خیبر پختونخوا (ا) ترقیاتی ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم شدہ اضلاع کیلئے ٹوٹل 690 ملین رقم مختص کی گئی ہے اور برائے مالی سال 2020-21 کیلئے 100 ملین رقم مختص کی گئی ہے۔ (۲) محکمہ ثقافت کو ترقیاتی ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم ص شدہ اضلاع خیبر پختونخوا کیلئے 20 ملین ریلیز کیا گیا ہے (۳) محکمہ ثقافت خیبر پختونخوا نے شمالی وزیرستان میں اب تک کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ٹوارزم کارپوریشن خیبر پختونخوا (ا) محکمہ ہذا نے نئے ضم شدہ اضلاع میں ٹوارزم کی ترویج وترقی کے لئے ایک ترقیاتی منصوبہ متعلقہ فورم سے منظور کروایا ہے جس میں ضلع مہمند بھی شامل ہے۔ ضلع مہمند سیاحتی مقامات پر سہولیات فراہم کرنے کیلئے مبلغ 75 ملئین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ (۲) مذکورہ منصوبہ کی کل لاگت مبلغ 2601 ملین روپے ہے جس کیلئے امسال 200 ملین مختص اور جاری کئے گئے ہیں۔ (۳) محکمہ ہذا کی سروے ٹیم نے سیاحتی لحاظ سے اہم مقامات کا جائیزہ رپورٹ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو ارسال کردی ہے جس پر PC-I بنا کر منظوری کیلئے متعلقہ فورم میں پیش کردیا جائے گا۔ نظامت ٹوارسٹ سروسز خیبر پختونخوا نظامت ٹوارسٹ سروسز کے تحت کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ہے۔ نظامت کھیل ضم شدہ اضلاع ا۔ مذکورہ محکمے کے لئے موجودہ حکومت نے امسال کل 39.364 ملین فنڈز اے ڈی پی سے اور 27.816 ملین اے آئی پی سے مختص کیے۔ ۲۔ محکمے کو 39.364 ملین فنڈز اے ڈی پی سے اور 27.816 ملین اے ائی پی سے ریلیز کیے گیے۔ ۳۔ محکمے نے امسال 7.023 ملین اے آئی پی سے مذکورہ ضلع میں کھیلوں کے میدان کی تعمیر پر خرچ کیے ہیں۔ اے ڈی پی سے تا حال کوئی فنڈ خرچ نہی کیا گیا ہے تاہم کام جاری ہے۔ نظامت اُمور نوجوانان، خیبر پختونخوا ترقیاتی فنڈ کے مد میں مذکورہ محکمے کو تین ہزار ملین مختص کئے گئے ہیں۔ تاہم ترقیاتی سکیم میں ضلع وار رقوم کی تخصیص نہی کی گئی ہے۔ یعنی مذکورہ ترقیاتی سکیم جملہ ضم شدہ اضلاع کی لئے تشکیل دی گئی ہے۔ مالی سال 2020-21 کے لئے 580 ملین اور مالی سال 2021-22 کے لئے 150 ملین کے رقوم ریلز کی گئی ہیں جو کہ مجموعی طور پر 730 ملین بنتے ہیں۔ مالی سال 2020-21 میں 196 ملین اور مالی سال 2021-22 میں 2.58 ملین روپے خرچ کئے گئے ہیں۔ جو کہ مجموعی طور پر 198.58 ملین بنتے ہیں۔ نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر خیبر پختونخوا نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے تحت کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ہے۔

Scanned with CamScanner